05/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینمسرت شاہ

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کو2023کے قانون کے مطابق33فیصد ریزرویشن دینے کی غرض سے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس میں3دن کی توسیع کی گئی ہے۔

کیرلا میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کر تے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اس قانون پر سال2029 سے عمل آوری یقینی بنانے کی کوشش کی جائے گی۔

واضح رہے کہ پارلیمنٹ اس معاملے پر بحث و تمحیص کےلئے16سے18اپریل تک پھر سے کام کاج کرے گا۔

اسمبلی

جموں وکشمیر اسمبلی کا بجٹ اجلاس اختتام پذیر ہو گیا ہے۔2فروری سے شروع ہوا2مراحل پر مشتمل بجٹ اجلاس کل4اپریل کو اختتام پذیر ہوا اور اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے ایوان کی کارروائی غیرمعائنہ مدت کےلئے ملتوی کر دی۔

انہوں نے اسمبلی کے بجٹ سیشن-2026 کے مو ثر اور احسن اِنعقاد کو یقینی بنانے کے لئے مختلف محکموں کے تال میل اور کام کاج کی سراہنا کی ہے۔

کارروائی

وادی میں صارفین کےلئے پیٹرولیم مصنوعات اور رسوئی گیس کی بلا خلل دستیابی بنانے کی غرض سے محکمہ خوراک، شہری رسدات اور امور صارفین نے اپنا نگرانی نظام فعال کیا ہے۔

محکمے کی طرف سے19مارچ سے اب تک2ہزار427 معائنے کی کارروائیاں انجام دی گئیں ہیں جس دوران ذخیرہ اندوزی کے 14 اور کالا بازاری کے6معاملات کی نشاندہی کی گئی اور قصور واروں سے جرمانہ وصول کیا گیا۔

وِکرم جیت سنگھ

اسی دوران محکمہ صنعت و تجارت نے، مغربی ایشیاءمیں موجودہ صورتحال کے تناظر میں یوٹی کے اندر صنعتی سرگرمیوں پر پڑنے والے اثرات سے نمٹنے کےلئے مختلف صنعتی ایسوسی ایشنوں سے آرا اور تجاویز طلب کیں ہیں.

محکمے کے کمشنر سیکریٹری وِکرم جیت سنگھ اور ڈائریکٹرڈاکٹر ارون منہاس نے اس سلسلے میں جمونوکشمیر کی صنعت و تجارت کی ایسو سی ایشنوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔

حج

جمونو کشمیر سے اس سال عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ18اپریل سے شروع ہو کر28اپریل تک جا ری رہے گا.اس سال جمونو کشمیر سے 4ہزار 706 عازمین کرام سفر محمود پر روانہ ہو رہے ہیں ۔

ادھرڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ضلع انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ میں حج2026 کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا. انہوںنے عازمین کی سہولت کےلئے تمام محکموں کو قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنے کی ہدا یت دی ۔

Census

بارہمولہ ضلعے میں سینسس2027کے پہلے مرحلے کے چارج افسروں کےلئے تین روزہ تربیتی پروگرام جا ری ہے. ضلعے میں اس پہلے کے تحت مکانات کا شمار ہو گا.

دریں اثناءشوپیان ضلعے میں اسی طرح کا پہلے مرحلے کا پروگرام کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ہے. تربیت یافتگان کو مکانات کے شمار کے سلسلے میں تمام تیاریاں پیشگی مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی.

TB

مکت بھارت ابھیان کے چلتے مختلف مقامات پر صحت کے متعلق جانکاری TBپلوامہ ضلعے میں اور تشخیصی پروگراموں کا کامیابی کے ساتھ انعقاد کیا گیا.

ضلعے کے ببہارہ، دربگام، ڈوگری پورہ، پنزگام، نِلورہ، کُچھ مولہ، نانر، ترال اور پانپور جیسے علاقوں میں منعقد ان پروگراموں کا مقصد ضلعے کو تپ دق بیماری سے پاک کرنا ہے۔

اننت ناگ

اننت ناگ ضلعے میں کئی سکولوں کی طرف سے منشیات کے خلاف کئی جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

نُکڑ ناٹکوں اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعے ان سکولوں کے بچوں اور اسا تذہ نے سماج میں منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کےلئے اپنی بھر پور کوشش کی۔

مختار موسم

وادی مینگزشتہ چند روز کی بارشوں اور برف باری کے بعد آج موسم میں کچھ بہتری آئی ہے اور سرینگر نیز اس کے ملحقہ جات میں ہلکی دھوپ نکل آئی ہے۔

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ5اور6اپریل کو موسم عمومی طور بہتر رہے گا البتہ7سے10اپریل تک پھر ایک بارمیدانی علاقوں میں بارش اور پہاڑی علاقوں مینہلکی برف باری کا امکان ہے۔ تازہ موسمی صورتحال کے حوالے سے جب آکاشوانی نیوز سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائر ایکٹر،ڈاکٹر مختار احمد سے بات کی تو انہوننے کہا۔

------Dr.Mukhtar-----

بانڈی پورہDC

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اِندو کنول چب نے مختلف شعبوں میں ترقیاتی عمل میں ہو رہی تاخیر پر بے اطمینانی کا اظہار کر تے ہوئے متعلقہ افسروں کو اس عمل میں حائل رُکاوٹوں کو دور کرنے کی ہدایت دی ہے۔

وہ ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں2025-26 کے ضلع کیپکس بجٹپر عمل آوری کا جائزہ لے رہی تھیں۔

گاندربل

پنچایتی انتخابی فہرست2026 کی سالانہ نظر ثانی کے حوالے سے عوام میں جانکاری پیدا کرنے گاڑی کو مختلف علاقوں کی طرف IECکی غرض سے ضلع انتظامیہ گاندربل کی جانب سے ایک روانہ کیا گیا۔

یہ گاڑی ضلعے کے مختلف پنچایت حلقوں میں جاکر لوگوں کو زمینی سطح پر انتخابی فہرستوں میں نظر ثانی کی مختلف سرگرمیوں اور اس میں حصہ لینے کی اہمیت کے بارے میں جانکاری دے گی۔

بڈگامDC

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عام خان نے ضلعے میں جسمانی طور سے خاص افراد کےلئے شمولیاتی بہبودی اقدامات کرنے کے جامع احکامات جاری کئے ہیں۔

جسمانی طور سے خاص افراد کے معاملات کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ ایسے افراد کےلئے دستیاب سہولیات کی موثر عمل آوری یقینی بنائیں۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے کچرے کو موثر طور پر ٹھکانے لگانے میں سیلف ہیلپ گروپوں کے رول کو اُجاگر کر تے ہوئے صفائی ستھرائی میں مزید بہتری لانے کےلئے یہ کام سائنسی طریقے پر انجام دینے پر زور دیا ہے۔

وہ شہری بلدیاتی اداروں میں سوچھ بھارت مشن دوئم کے تحت کچرے کو الگ الگ جمع کرنے کے عمل کو مضبوط کرنے کے سلسلے میں ایک میٹنگ میں بول رہے تھے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....